Roll No...

Total No. of Questions : **12**] [*Total No. of Printed Pages* : **8**

UGA–243

B.A. (Part–II) Examination, 2021

URDU

Paper – I

(Prose and Poetry)

*Time : **1½** Hours*] [*Maximum Marks : **100***

SECTION–A

Answer all ten questions (Answer limit 50 words). Each question carries 2 marks. **(Marks : 2 × 10 = 20)**

(حصہ-الف)

سبھی 10 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 50 الفاظ سے زیادہ نہ ہو) ہر سوال کے 2 نمبر ہیں۔

SECTION–B

Answer any five questions out of seven (Answer limit 200 words). Each question carries 8 marks. **(Marks : 8 × 5 = 40)**

(حصہ-ب)

7 میں سے کن ہی 5 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 200 الفاظ سے زیادہ نہ ہو) ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔

SECTION–C

Answer any two questions out of four (Answer limit 500 words). Each question carries 20 marks. **(Marks : 20 × 2 = 40)**

(حصہ-ج)

4 میں سے کن ہی 2 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 500 الفاظ سے زیادہ نہ ہو) ہر سوال کے 20 نمبر ہیں۔

SECTION–A

(حصہ-الف)

1 مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات زیادہ سے زیادہ 50 الفاظ میں لکھئے۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔

(i) حالؔی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

(ii) آپ کے نصاب میں شامل مضمون لاہور کا جغرافیہ کے مصنف کون ہیں؟

(iii) شرؔر کا پورا نام لکھئے اور یہ بھی لکھئے کہ شرؔر کہاں پیدا ہوئے؟

(iv) ''واہ واہ کیا معتدل ہے باغ عالم کی ہوا'' قصیدہ کس بادشاہ کی مدح میں لکھا گیا ہے؟

(v) اردو کے دو مرثیہ نگاروں کے نام مع تخلص لکھئے۔

(vi) قصیدہ کس زبان کا لفظ ہے؟ اور اس کے معنی کیا ہیں؟

(vii) علامہ راشد الخیری کا کون سا مضمون آپ کے نصاب میں شامل ہے؟

(viii) تھا کچھ نہ کچھ کہ پھانس سی اک دل میں چبھ گئی

مانا کہ اس کے ہاتھ میں تیر و سناں نہ تھا

یہ شعر کس شاعر کا ہے؟ اس کا پورا نام لکھئے۔

(ix) دردؔ کا کوئی ایک شعر لکھئے۔

(x) بابائے اردو کسے کہا جاتا ہے؟

SECTION–B

(حصہ-ب)

ہدایت: مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیجئے۔ جواب 200 الفاظ سے زائد نہ ہو۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔

2 مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک اقتباس کی تشریح مصنف اور سبق کا حوالہ دیتے ہوئے لکھئے۔

(الف)

محفل میں آتے ہی ان حضرات کا پہلا کام یہ ہوتا ہے کہ اہل محفل پر نظر ڈال کر یہ دیکھ

لیں کہ ان میں کن کن خیالات کے لوگ ہیں اور کس موضوع گفتگو ہو رہی ہے۔ اس چیز کا اندازہ کر لینے کے بعد ہی یہ گفتگو میں دخل دیتے ہیں اور تھوڑی دیر میں اس موضوع کو اپنے سے متعلق کر لیتے ہیں۔ اب اصل بحث تو گئی جہنم میں، سب کے سب ان کے پیچھے پڑ جاتے ہیں۔ دوسرا کوئی ہو تو زچ ہو جائے۔ مگر نہ اس شخص کی زبان رکتی ہے اور نہ یہ دبنے کا نام لیتا ہے۔

(ب)

دریا کے کنارے کھڑے ہون جایئے تو عجیب لطف نظر آتا۔ کلکتے کو آنے جانے والے جہاز سامنے سے ہو کر گزرتے جو فورٹ ولیم کی سلامی کے لئے یہیں سے اپنی جھنڈیاں اتارنا شروع کر دیتے اور لوگ سمجھتے کہ بادشاہ کی سلامی لے رہے ہیں۔ محلات کی ڈیوڑھیوں اور محل سراؤں کے دروازے پر کھڑے ہو جایئے تو عجب لطف کی دھوم دھام میں کبھی کبھی ایسی صورتیں نظر آجاتیں اور ایسی فصیح و دلکش زبان اور ایسی مزے مزے کی پیاری باتیں سننے میں آجاتیں کہ انسان مدتوں بلکہ زندگی بھر مزہ لیا کرتا۔

3 مندرجہ ذیل اشعار میں سے صرف چار اشعار کی تشریح شاعر کے حوالے کے ساتھ کیجیے۔

(i) حیف کہتے ہیں ہوا گلزار تاراجِ خزاں

آشنا اپنا بھی واں اک سبزۂ بیگانہ تھا

(ii) ارض و سما کہاں تری وسعت کو پا سکے

میرا ہی دل ہے وہ کہ جہاں تو سما سکے

(iii) کافی بس اس کو نشہ ہے بوئے شراب کا

ہو بوجھ جس کے ہاتھ میں ساغر حباب کا

(iv) تیری بہار نے یہ اڑائے گلوں کے رنگ

دن رات جوش باغ میں ہے ماہتاب کا

(v) بے وفا کہنے کی شکایت ہے

تو بھی وعدہ وفا نہیں ہوتا

(vi) مجلس میں تم اغیار کو دزدیدہ نظر سے

منظور ہے پنہاں نہ رہے راز تو دیکھ

(vii) فصلِ خزاں کمیں میں ہے صیاد گھات میں

مرغِ چمن کو فرصتِ سیرِ چمن کہاں

(viii) تم کو ہزار شرم سہی مجھ کو لاکھ ضبط

الفت وہ راز ہے کہ چھپایا نہ جائے گا

4 مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح سیاق وسباق کے ساتھ کیجیے۔

(i) نسخہ پر لکھنے نہیں پاتا ہوالشافی طبیب

کہتا ہے بیمار بس کہ مجھ کو بالکل ہے شفا

فرق چاہا یاں تک اعضائے بدن سے درد نے

درد کے جو حرف ہیں وہ آپ ہی ہیں سب جدا

لاغروں کو ہو کمالِ تاب وطاقت یہ شتاب

کیسے دو ہفتہ ہلال اک شب میں ہو بدر الدّجا

(ii) خلق میں مثلِ خلیق اور تھا خوش گو کوئی کب

نام لے دھولے زباں کوثر و تسنیم سے جب

بلبل گلشن زہرا و علی عاشقِ رب

متبع مرثیہ گوئی میں ہوئے جس کے سب

ہوا گر ذہن میں جودت ہے تو موزونی ہے

اس احاطے سے جو باہر ہے وہ بیرونی ہے

5 دردؔ کی صوفیانہ شاعری کی خصوصیات مثالوں کے ساتھ لکھئے۔

6 غزل کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے اجزائے ترکیبی پر روشنی ڈالئے۔

7 مضمون ''مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ'' کا خلاصہ لکھئے۔

8 راشد الخیری کی نثر نگاری کی خصوصیات لکھئے۔

SECTION–C

(حصہ-ج)

ہدایت: مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کن ہی دو (2) سوالوں کے جواب پانچ سو (500) الفاظ میں تحریر کیجئے۔

سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔

9 مولانا ابوالکلام آزاد کی نثر نگاری کی بنیادی صفات پر تفصیل کے ساتھ روشنی ڈالئے۔

10 اردو مرثیے کا ارتقاء پیش کیجئے۔

11 مومن خان مومن کی غزل گوئی کی خصوصیات مثالوں کے ساتھ بیان کیجئے۔

12 ذوق کی قصیدہ نگاری کی ان خصوصیات پر روشنی ڈالئے جن کی وجہ سے انہیں اردو قصیدے کا بادشاہ کہا جاتا ہے۔